ذاتی صحت و صفائی کی اشیاء اور گھر کی صفائی کا وہ ساز و سامان جسے ٹیکس سے مستثنیٰ قرار دیا گیا ہے اُن کی فہرست درج ذیل ہے۔ یہ تبدیلی صنعتی، تجارتی یا کسی ادارے کو فروخت کی جانے والی اشیاء پر لاحق نہیں ہوتی۔

ذاتی صحت و صفائی کی ٹیکس سے مستثنیٰ اشیاء

- بچوں کی جلد کی نگہداشت کے لیے استعمال ہونے والی چیزیں ہیں۔
- چہرے کی صفائی کے لیے استعمال ہونے والے کاغذی رومال۔
- جسمانی بدبو کو روکنے والی مصنوعات۔
- ماہواری کے دوران استعمال ہونے والے پیڈس اور ٹیمپون۔
- شیمپو کا صابن اور کریم۔
- ٹائلیٹ کا صابن اور ہاتھ کو صاف کرنے کی اشیاء۔
- ٹائلیٹ پیپر۔
- ٹوتھ پیسٹ، ٹوتھ پاؤڈر، بغیر بجلی کا ٹوتھ برش، دانت خلال کی اشیاء، نقلی دانتوں کی صفائی کی اشیاء، نقلی دانتوں کو جما کر رکھنے کی ادویات۔

گھر کی صفائی کا ٹیکس سے مستثنیٰ ساز و سامان

- گرد اور میلے دھبے دور کرنے کی اشیاء۔
- کپڑے دھونے کی بلیچ، کلف، سنیلی، کپڑے جگمگ کرنے کا سوڈا، صابن دور کرنے اور کپڑے کو ملائم کرنے کی اشیاء، BORAX اور لانڈری کے لیے استعمال ہونے والی ایسی تمام دوسری اشیاء۔
- پالش، فرش کی پالش اور فرش و فرنیچر کو اچھی حالت میں رکھنے کی چیزیں ہیں۔
- دیواریں، فرش، شیشہ، دھاتی اشیاء، پکوان کے برتن، چولہا، سنک، قالین، فرنیچر کے غلاف، ٹائیلٹ BOWLS، ڈرین اور SEPTIC TANKS صاف کرنے کے پاؤڈر یا سیال مصنوعات۔
- جوتے کی پالش اور صفائی کی اشیاء۔
- صابن اور DETERGENTS۔

جوتے چپل کی خریدی ٹیکس سے مستثنیٰ:

تمام جوتے، چپل، بوٹ، بلا لحاظ سائز اور اسٹائل، جن کی قیمت تیس ڈالر کے اندر ہو، ۲۹ اپریل ١٩٧٦ء سے ٹیکس سے مستثنیٰ ہوں گے۔

مزید معلومات کے لیے اپنے ڈسٹرکٹ ٹیکس آفس کو فون کیجیے۔

MINISTRY OF REVENUE

MINISTER — DEPUTY MINISTER

تیل کی گرانی سے متاثر ہونے والے ملکوں کی امداد کیلئے فنڈ قائم کر دیا گیا

ترقی پذیر ملکوں کو نرم شرائط پر قرضے دیئے جائیں گے

تاشقند کانفرنس ۔۔۔ کا جائزہ

Wanted

ضرورت ہے

ویونگ WEAVING اور سپننگ SPINNING

ڈیپارٹمنٹ میں کام کرنے والوں کی۔

تجربہ ضروری نہیں، ہم کام ہی پر ٹریننگ دیتے ہیں۔

معقول اُجرت اور کام کا عمدہ ماحول

مہیا ہے!

ہمیں کلکٹ (COLLECT) کال کیجیے۔

صدیق چغتائی ‎(519) 658-9328‎ صبح آٹھ تا شام پانچ

اور شام ۵ بجے کے بعد ‎(519) 658-4822‎ پر

یا پھر ہمارے کارخانے پر آ کر پرسنل منیجر سے ملیئے۔

ARTEX WOOLLENS LIMITED

CAMBRIDGE, ONTARIO

آزاد امیدوار

جمال الظفر جعفری

کو

پاکستانی کمیونٹی کے عام انتخابات میں ڈائریکٹر کی حیثیت سے منتخب کرنے کی ہم تمام پاکستانیوں سے

پُرزور اپیل کرتے ہیں



فرزانہ احمد

خاموش بغاوت

ہم سب حیران تھے۔

یہ آج آمنہ باجی کو کیا ہوگیا تھا؟ آج سے پہلے تو وہ کبھی اس طرح چیخی چلائی نہیں تھیں اُن کے ہونٹوں پر چپ خاموشی کی مہر صدیوں سے لگی معلوم ہوتی تھی۔ آج سے پہلے تو اس طرح نہیں ٹوٹی تھی۔

آمنہ باجی کی جگر خراش چیخیں آج ہم سب کے دلوں کو دہلا رہی تھیں۔ ان کی پھٹی پھٹی آنکھوں سے وحشت برس رہی تھی۔ ان کے کھچڑی بال ان کے کمزور شانوں پر اُلجھے ہوئے تھے۔ مرجھائے ہوئے زرد چہرے پر آنسوؤں کی پتلی پتلی دھار آڑی ترچھی بہتی ہوئی اُن کے کُرتے میں جذب ہو رہی تھی۔

ہم سب آج واقعی حیران تھے۔

اور آمنہ باجی تھیں کہ دولہا بھائی کے جنازے سے لپٹی ہوئی چیخ چیخ کر کہہ رہی تھیں "میں نہیں معاف کروں گی۔"

آج مجھے وہ دن یاد آرہا تھا جب ہم سب کی پیاری آمنہ باجی انگلستان کی لیڈز یونیورسٹی سے ایم ایڈ کی ڈگری لے کر لوٹی تھیں کیسی خوشی کا دن تھا۔ جب ہم سب کار میں لد لدا کر ایئرپورٹ سے آمنہ باجی کو لے کر لوٹے تھے۔ ہمارے بے تکے سوالوں کا جواب دیتے ہوئے بے چاری منّو باجی روہانسی ہو گئی تھیں

"آپ اُردو تو نہیں بھول گئیں؟"

"وہاں کتنے بوائے فرینڈز بنائے آپ نے؟"

"آپ نے بال کیوں نہیں کٹوائے منّو باجی؟"

"منّو باجی، سچ سچ بتایئے ہمارے دُولہا بھائی گورے چٹے انگریزوں جیسے ہوں گے یا کسی خالص ہندوستانی کو انتخاب کریں گی آپ؟"

اس آخری سوال پر تو آمنہ باجی سر سے پاؤں تک گلنار ہو گئی تھیں اور ان کی بڑی بڑی شربتی آنکھوں میں حیا کی سُرخی اُمڈی چلی آتی تھی پھر امّی نے اس رونے سے ہم سب کو ڈانٹ پلائی تھی کہ چپ ہوتے ہی بنی تھی۔ لیکن دل ہی دل میں ہم سب آمنہ باجی کو دیکھ کر حیران ضرور ہو رہے تھے پانچ برس میں جو انہوں نے ولایت میں گنوائے تھے، آمنہ باجی پر وہاں کا ذرا سا رنگ بھی تو نہیں چڑھا تھا۔ وہی سادگی، وہی شرمیلا پن ہر دم گٹھری سی بنی ہوئی۔ لمبی سی بل کھاتی ہوئی چوٹی لٹکائے۔ ہلکے گلابی رنگ کی سادہ سی ساڑی پہنے۔ وہی جھجکا سا انداز لئے جب وہ لوٹیں تو ہمیں ایسا لگا جیسے وہ پانچ سال پہلے ہی کی منّو باجی ہوں۔

پھر جب منّو باجی کی شادی کا مسئلہ سامنے آیا تو وہاں بھی انہوں نے ویسی ہی سادگی برتی شرم و حیا کے بوجھ سے دوہری ہوتی ہوئی جھکی جھکی نظروں سے بولیں "امّی مجھے یہ سب باتیں اچھی نہیں لگتیں۔ آخر آپ اور ابّو جان کس لئے ہیں۔ آپ لوگوں کے ہوتے ہوئے میرا اس معاملے میں دخل دینا بے شرمی ہے۔ جو آپ کا اور ابّو جان کا [illegible] کیجئے۔"

امّی نے چٹ پٹ اپنی پیاری بیٹی کی بلائیں لیں۔ اس وقت امّی کی ممتا بھری آنکھیں کہہ رہی تھیں۔ خدا ایسی ہونہار لڑکی ہر ایک کو دے۔ ذرا دیکھو تو پانچ سال ولایت میں گزار کر بھی نہ تو گٹ پٹ گٹ پٹ انگریزی بولتی ہے، اور نہ وہاں کی بغاوت کا ملمع چڑھا ہے میری منّو پر۔ امّی کی پیار بھری نظروں کی تاب نہ لا کر آمنہ باجی بے اختیار ان سے لپٹ گئیں اور اس طرح پھوٹ پھوٹ کر رو دیں جیسے وہ اسی وقت دولہا کے گھر روانہ کی جا رہی ہوں۔

دولہا کے گھر والے بڑے جانے مانے رئیس لوگ تھے۔ ہمارے ہونے والے دُولہا بھائی آئی اے ایس تھے اور گورکھپور میں ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ تھے۔ ہمارا خاندان بھی شہر کے گنے چنے معزز خاندانوں میں سے ایک تھا۔ خدا کا دیا سب کچھ تھا۔ امّی اور ابّو جان کی خواہش تھی کہ شادی بڑی دھوم دھام سے ہو۔ بینڈ باجہ ہو۔ مہندی اور سانچق کی رسمیں ہوں۔ آدھی آدھی رات تک ہنگامہ مچا رہے۔ شہر کے سارے معززین مدعو کئے جائیں۔ لیکن اچانک ہم سب کی امنگوں پر اوس پڑ گئی۔ دولہا بھائی نے ابّو جان کے ہاں کہلوایا کہ وہ شادی بیاہ کی فرسودہ رسموں کو نہایت لغو قرار دیتے ہیں۔ شادی اُن کی ہو رہی ہے، ساری دنیا کی تو نہیں جو اتنا شور و واویلا مچے۔ شادی ہوگی، مگر نہایت سادگی سے۔"

چنانچہ شادی ہوئی اور واقعی بڑی سادگی سے ہوئی۔ نہ بینڈ باجا، نہ میراثنوں نے سمدھنوں کی خاطر گالیوں سے کی۔ نہ ابٹنے کی رسم ہوئی، نہ مہندی کی رسم۔ بس خاموشی سے قاضی صاحب نے گنے چنے لوگوں کے سامنے نکاح پڑھایا، چھوہارے بادام اور مصری اُچھالی گئی اور بس۔

آمنہ باجی سہمی سہمائی سی دولہا بھائی کے ساتھ گورکھپور چلی گئیں۔ ان کے جانے سے پہلے ہم لوگوں نے جب ایسی پھیکی سیٹھی شادی پر اعتراض کیا تو انہوں نے ہمیں ڈانٹ دیا: "وہ ٹھیک ہی تو کہتے ہیں۔ خواہ مخواہ کا شور غل اچھا نہیں لگتا۔" لیکن اپنی ڈبڈبائی آنکھوں کے آنسو وہ نہ چھپا سکیں، جن میں اپنے اور امّی کے ارمانوں کا خون پوشیدہ تھا۔

شادی کے بعد دولہا بھائی [illegible] باجی کو لے کر ایسے غائب ہوئے کہ ہم لوگ [illegible] تکتے تکتے تھک گئے کہ منّو باجی اب آئیں گی، تب آئیں گی۔ امّی نے تھک ہار کر جب خط لکھا تو دولہا بھائی کا روکھا سا جواب آگیا کہ وہ پہلے بتا چکے ہیں کہ وہ ان دقیانوسی رسومات کے بالکل قائل نہیں ہیں۔ لہٰذا آمنہ باجی اس وقت اپنے میکے جائیں گی [illegible]

دولہا بھائی کا ٹکا سا جواب پا کر امّی کا ماتھا ٹھنکا۔ ہم لوگوں نے پہلے بھی سن رکھا تھا کہ وہ بڑے "صاحب" آدمی ہیں۔ ہندوستان سے باہر انہوں نے کبھی قدم نہیں نکالا تھا۔ لیکن تھے بالکل "براؤن صاحب"۔ ان کے رہن سہن بول چال سب ہی سے انگریزیت ٹپکتی تھی۔ اور بے چاری آمنہ باجی ان کی بالکل ضد تھیں۔

امّی پر اختلاج کے دورے پڑنے لگے۔

ہم سب نے لاکھ سمجھایا منایا، لاکھ دلاسہ دیا۔ لیکن وہ کہے جاتیں "ہائے میری بے زبان بچی اس معصوم کو ان لوگوں نے قید کر رکھا ہے۔"

آخر ابّو جان کے اصرار پر امّی مجھے ساتھ لے کر گورکھپور روانہ ہو گئیں تاکہ اپنی آنکھوں سے سارا حال دیکھ آئیں کہ منّو باجی پر کیا گزر رہی ہے

گورکھپور پہنچنے پر دولہا بھائی بڑی بے رُخی سے ملے۔ اکھڑے اکھڑے سے لہجے میں بولے "اب آپ آ ہی گئی ہیں تو ٹھیک ہے۔ ویسے شادی کے بعد کا وقت بڑا نازک ہوتا ہے۔ دو انسان جو اب تک ایک دوسرے کے لئے بالکل غیر تھے، اپنی پوری کوشش کرتے ہیں کہ ایک دوسرے کے مزاج سے اچھی طرح واقف ہو سکیں۔ ایسے وقت میں کسی کا دخل انداز ہونا ازدواجی زندگی کے لئے مضر ثابت ہو سکتا ہے۔"

پھر گھڑی دیکھتے ہوئے آمنہ باجی سے بولے۔ "ہنی! ٹھیک آٹھ بجے تیار رہنا۔ کلب میں ڈنر ڈانس کی پارٹی ہے۔"

آمنہ باجی نے دھیرے سے کہا "جی اچھا" اور پھر امّی کی طرف مڑ کر بولیں "امّی، آپ کو واقعی اس طرح نہیں آنا چاہئے تھا، وہ ٹھیک ہی کہتے ہیں۔"

"یہ دوسرا تیر تھا جو امّی کے دل پر لگا۔"

گورکھپور میں ہم لوگ پانچ چھ روز رکے اس دوران میں دولہا بھائی سے صرف کھانے پر ہی ملاقات ہو پاتی۔ باقی اوقات وہ اپنے کام اور اپنی سوشل مصروفیات میں گم رہتے۔ جہاں جہاں وہ آمنہ باجی کو ساتھ لے جاتے وہ چلی جاتیں، جہاں جانے سے روک دیتے، وہاں کبھی نہیں جاتیں۔ جو کپڑا پہننے کو کہتے وہی پہنتیں۔ دولہا بھائی کو آمنہ باجی کے لئے ساڑی سے زیادہ اسکرٹ اور سلیکس پسند تھے اس لئے منّو باجی اب اکثر ان ہی کپڑوں میں دکھائی دیتیں۔ دولہا بھائی کو باجی کے لمبے لمبے گز بھر کے بال اچھے نہیں لگتے تھے جب کہ آمنہ باجی کو اپنے بالوں سے عشق تھا۔ منّو باجی نے اپنے گھٹنوں تک کے گھنے کالے بالوں کو کٹوا کر انہیں گردن تک پھڑپھڑانے کے لئے چھوڑ دیا تھا۔

دولہا بھائی چاہتے تھے کہ آمنہ باجی صبح سے شام تک ہر دم اپ ٹو ڈیٹ [illegible] رہیں۔ لہٰذا آمنہ باجی اب گڑیا کی طرح ہر دم پر غازہ اور سرخی پوتے، لمبے لمبے ناخنوں کو رنگے ہوئے اونچی ایڑی کی جوتی پہنے، سارے گھر میں ٹھک ٹھک کرتی پھرتیں۔ دولہا بھائی کو خالص انگریزی کھانوں سے رغبت تھی۔ وہ ہمیشہ چھری کانٹوں سے کھانا پسند کرتے تھے۔ ارہر کی دال اور چاول سے تو انہیں سخت نفرت تھی۔ سو منّو باجی بھی اب سوپ، روسٹ، چاپس، کٹلٹ اور اُبلی ہوئی پھیکی پھیکی ادھ کچی ترکاریاں چھری کانٹے سے کھایا کرتیں۔ کیوں کہ دولہا بھائی کا خیال تھا کہ زیادہ پکانے سے وٹامن ختم ہو جائیں گے۔ اردو زبان تو جیسے وہ بھولتی جا رہی تھیں، یہاں تک کہ کبھی بھولے سے جب وہ امّی سے فرّاٹے دار انگریزی میں گفتگو کرنے لگتیں تو امّی حیران و پریشان انہیں ایک ٹک دیکھا کرتیں، جیسے اپنی کھوئی ہوئی معصوم گڑیا جیسی آمنہ کو تلاش کر رہی ہوں جس نے ایک میم کا روپ دھار لیا تھا۔

گورکھپور سے لوٹتے وقت امّی آمنہ باجی کو گلے لگا کر خوب روئیں۔ لیکن منّو باجی کی آنکھ سے ایک آنسو بھی نہیں نکلا۔ وہ بار بار یہی کہتی رہیں "امّی میں بالکل ٹھیک ہوں۔ بہت خوش ہوں۔ آپ ناحق پریشان ہو رہی ہیں۔"

کچھ مہینے بعد مجھے منّو باجی کا چھوٹا سا خط ملا۔ لکھا تھا: "ہمارے گھر جلد ہی ننھا منا سا مہمان آنے والا ہے۔ لیکن خدارا امّی سے کہہ دیں مجھے بلانے یا خود آنے کی کوشش نہ کریں۔ یہاں بڑا اچھا اسپتال ہے سب ٹھیک ہو جائے گا۔" امّی اپنا جی مسوس کر رہ گئیں کیسے کیسے ارمان تھے امّی کے دل میں اپنے نواسے کے لئے۔ دولہا بھائی نے کچھ بھی تو نہیں کرنے دیا۔ ہاں خط کے ذریعہ یہ خبر ضرور بھجوا دی کہ آمنہ باجی کے ہاں لڑکا ہوا ہے۔ پھر ایک تصویر آگئی جس میں آمنہ باجی ننھے شاہد کو میڈونا سی لگ رہی تھیں۔

جب شاہد دو سال کا ہوا تو ایک دن منّو باجی ہم سب سے ملنے چلی آئیں۔ شاہد بے حد پیارا سا گڈا بن گیا تھا۔ لیکن ابھی وہ ہم لوگوں سے پوری طرح گھل مل بھی نہ پایا تھا کہ باجی نے ہفتہ بھر میں ہی واپس جانے کا اعلان کر دیا۔ "میرے چلے آنے سے تمہارے دولہا بھائی کو بڑی تکلیف ہو جاتی ہے۔ پھر شاہد کا اپنے ڈیڈی سے اتنے عرصے کے لئے دور رہنا ٹھیک نہیں بچے کے لئے ماں اور باپ دونوں کا ساتھ ضروری ہے۔" ہم سب جانتے تھے کہ یہ منّو باجی کے نہیں بلکہ دولہا بھائی کے خیالات ہیں، لیکن امّی کے خیال سے سب ہی چپ رہے۔ امّی تو خوب روئیں۔ جیسے باجی سے آخری بار مل رہی ہوں۔ لیکن منّو باجی کی آنکھوں کے کٹوروں میں سمندر کو نہ جانے کس نے خشک کر دیا تھا کہ آنسو کی ایک بوند بھی نہیں چھلکی اور [illegible] شاہد کو لے کر واپس چلی گئیں۔

آخر امّی غم سے گھل گھل کر [illegible] ایسی بستر سے لگیں کہ پھر نہ اٹھ سکیں۔ اُن پر دل کا دورہ پڑا اور وہ اپنی جان دے ہی گئیں۔ فوراً آمنہ باجی کو تار دیا گیا۔ لیکن انہیں نہ آنا تھا، نہ آئیں، کیوں کہ دولہا بھائی کے خیال میں موت ایک نیچرل حادثہ ہے۔ امّی کا جنازہ اُن کی راہ تکتا رہ گیا۔ ہم لوگوں نے تھک ہار کر آخر اپنی پیاری امّی کو سپرد خاک کر دیا۔ بعد میں آمنہ باجی نے اپنے مختصر سے خط میں یہی لکھا کہ امّی کی موت سے جو انہیں صدمہ پہنچا اس کا اندازہ کسی کو نہیں ہو سکتا مگر جب امّی ہی نہ رہیں تو ان کا آنا بے کار ہی ہے۔ رونے دھونے کے سوا ہم لوگ اور کیا کریں گے اس سے بہتر ہے کہ ہم سب مل کر امّی کے حق میں دعائیں مانگیں کہ خدا انہیں جنت نصیب کرے۔

آج صبح منّو باجی کا تار ملا کہ دولہا بھائی اب اس دنیا میں نہیں رہے۔ دماغ کی رگ پھٹ جانے کی وجہ سے اچانک اُن کی موت ہو گئی تھی۔ اپنا خون پھر بھی اپنا ہوتا ہے۔ ہم سب پریشانی کے عالم میں منّو باجی کے گھر پہنچے وہ محلے کی چند عورتوں میں گھری خاموشی کی تصویر بنی بیٹھی تھیں۔ شاہد پاس ہی بیٹھا پھوٹ پھوٹ کر رو رہا تھا۔ لیکن ان کی آنکھیں خشک تھیں۔ وہ دور خلا میں ایک ٹک دیکھے جا رہی تھیں۔ شاید وہ اپنی گزری ہوئی زندگی کی دھجیوں کو اپنے ذہن کے کسی گوشے میں اکٹھا کر رہی تھیں۔ انہیں یوں اُجڑی اُجڑی سی مضمحل اور نڈھال دیکھ کر میں بے اختیار ان سے لپٹ کر رو پڑی۔ لیکن وہ بدستور اسی طرح بیٹھی خاموش ویران آنکھوں سے خلا میں دیکھتی رہیں۔

جب جنازے کی روانگی کا وقت آیا تو کسی خاتون نے آمنہ باجی کا ہاتھ پکڑ کر انہیں کھڑا کیا۔ پھر دولہا بھائی کی میت کے قریب لے جا کر یہ جملہ کہا: "آمنہ، کہو کہ تم نے انہیں معاف کیا... کہو کہ تم نے سب کچھ معاف کیا۔"

اور پھر [illegible] باجی کی [illegible] چیخ نے [illegible] جسم [illegible] سی پیدا کر دی۔ "نہیں!" وہ جنازے کو پکڑ کر زور سے چلائیں، پھر زار و قطار روتے ہوئے دیوانہ وار چیخنے لگیں "میں معاف نہیں کروں گی... نہیں، میں معاف نہیں کروں گی... ہرگز معاف نہیں کروں گی۔"

کیلگری میں ۱۲ اپریل کا مشاعرہ

[illegible]

وطن عزیز میں ... [illegible] ... مشاعروں کا رواج دیکھا تھا ... [illegible]

[illegible]

پاکستان میں یوں تو قومی زبان کا درجہ ملا مگر حقیقتاً صوبائی تعصبات اور علاقائی زبانوں نے پنجاب کے سوا کہیں اسے پنپنے کا موقع نہیں دیا۔ آزادی کے بعد اردو بولنے والوں کی (جو بقول خود اہل زبان کہلاتے تھے) زیادہ تعداد کراچی میں آباد ہو گئی مگر سندھی اور دیگر مقامی بولیوں کے امتزاج سے جو زبان اب وہاں ... [illegible]

[illegible]

دوسرے دور میں عزیز خان کی یہ غزل پیش کی

دل کا آجڑنا سہل سہی بسنا سہل نہیں ظالم
بستی بسنا کھیل نہیں ہے بستے بستے بستی ہے

پھر عبدالرحمٰن صاحب نے سپارۂ دل کے عنوان سے ... [illegible]

[illegible]

قطعہ

[illegible]

لو ہم بھی وطن سے ہو آئے

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

نہیں چاہیں کسی بھی طور کہیں
کیا کہوں کسی کو سمجھائے

پچھتائے یہاں سے جو جائے
جو آئے وہاں سے پچھتائے

کسی ایک صنم کے ہو بیٹھو
نہیں فائدہ کوئی گھبرائے

ان تنگ فضاؤں میں ہمدم
ہے سانس غنیمت جو آئے

اب چھوڑو بھی ان باتوں کو
بتلاؤ کہ تجھے کیا لائے

قطعات

رزمی صدیقی مرحوم

گنجِ لازوال

تتلیوں کے جواہر کی کان - تیری یاد • یہ خوب ہاتھ مرے گنجِ لازوال آیا
ترے خیال کے ہیروں کو گن کے سویا تھا • کھلی جب آنکھ تو فوراً ترا خیال آیا

اک ادا

ڈالیوں کی چھاؤں میں ترشے ہوئے سبزے پہ پھول • پھول ہیں یا کہ گلابی پنکھڑیوں میں تازگی
اک ادا کی یاد اس منظر سے تازہ ہو گئی • گیسوؤں کے سائے میں ہونٹوں پہ خفیف سی ہنسی

ابھرتا چاند

ابھرتے چاند کی تابش بڑی گہرائی سے پھوٹی • گلابی نور میں ڈوبا سیہ کہسار کا کونا
ادھر اڑنے لگا گہرا اندھیرا سرمئی بن کر • ادھر لوہے کی چادر پہ بہا پگھلا ہوا سونا

فردوسی زینے

لہلہاتی دوب کہسار کے ڈھالوں پہ یوں • سیڑھیاں جیسے زمرد کی ہوں چڑھتی گھومتی
پست قد پھولے ہوئے بوٹے ہوا سے کُل ہوئی • جیسے ہوں فردوس کے زینوں پہ چڑیاں جھومتی

حسنِ ظن

تیرے کھنچ جانے کی ساری [illegible] • خود مرا دل ہے مرے تیرِ ملامت کا ہدف
داور ے اس حسنِ ظن کی داد دے اے بدگماں • اپنے دل سے لڑ رہا ہوں ہو کے میں تیری طرف

تمام جنگی قیدیوں کی واپسی مکمل ہو جانے کے بعد جنگی کمیشن ہتھیار ڈالنے کی وجوہ کی تحقیقات کا کام پھر شروع کر دے گا

جنگی قیدیوں کا مسئلہ حل ہو جانے سے دردناک باب ختم ہو گیا ہے

بھارت تخفیف اسلحہ کی تجویز پر غور

لانے پر رضامند ہو گیا ہے، عزیز احمد

[illegible]

حمد فضل الٰہی چوہدری کے بارے میں

قیاس آرائی بے بنیاد اور شر انگیز ہے

حکومت اس قسم کی غیر ذمہ دارانہ

اطلاعات کو برداشت نہیں کرے گی

[illegible]

غیر قانونی تارکین وطن کیلئے عام معافی کا اعلان

[illegible]

[illegible] ... نیو بیان کی واپسی مکمل ہو جائے پر تحقیقات پھر شروع کر دے گا

جنگی قیدیوں پر ہونے والے اخراجات

بھارت کی جانب سے معاوضے کا مطالبہ

[illegible]

جنگی قیدیوں کا مسئلہ حل ہو گیا جلد ایک دردناک باب ختم ہو گیا: عزیز احمد

آئندہ نسلیں اس سمجھوتے کی شکر گزار رہیں گی: سورن سنگھ

میری خواہش ہے کہ مخاصمت کا دور ختم ہو جائے، ڈاکٹر کمال حسین

[illegible]

پاکستانی ڈاکٹر کی مسیحائی

[illegible]

پاکستان اور مغربی جرمنی میں ایٹمی تعاون کا معاہدہ

[illegible]

محترمہ وزیر اعظم بھٹو کے تدبر کی وجہ سے ہوا، بیگم عسلی ملک

[illegible]

کینیڈا تارکین وطن افراد کا ملک ہے۔ یہاں ملک ملک کے لوگ بستے ہیں۔ کینیڈین حکومت تمام رنگا رنگ تہذیبوں کی نشوونما میں پیش پیش ہے۔

مگر ہم ٹورانٹو کے پاکستانی، جو اپنی تعداد کے لحاظ سے پورے شمالی امریکہ میں پاکستان کی نمائندگی کرتے ہیں، یکجہتی کے ساتھ اپنے ملک و قوم کے تہذیبی پہلو کو اس نئے ملک میں اجاگر نہیں کر سکے۔ اور یہ صرف ہماری قیادت کی کوتاہی ہے!

مستحق نمائندہ - اسلم مرزا - آزاد امیدوار

VACANCIES

Male or Female

MANAGER	WAITRESSES
COOKS	KITCHEN HELPERS
WAITERS	DISH WASHERS

Familiar with the foods from

INDIA	AFGHANISTAN
IRAN	TURKEY
PAKISTAN	TRINIDAD
ARABIA	WEST INDIES

TRAINEE COOKS

[illegible] to be provided with free accommodation, food, plus salary and other benefits

Please [illegible] your full name, address, phone No., age, place of birth, status and experience if any.

ALI BABA 918 PAPE AVENUE
TORONTO M4K 3V2, ONTARIO
PHONE: 463-1287

اورینٹل ڈشز

ORIENTAL DISHES
1234½ YONGE ST. AT SUMMERHILL SUBWAY
PHONE: 922-1004

You've chosen Ontario.
This is what Ontario is doing to help you make a better life here.



آپ نے اُنٹوریو کا انتخاب کیا ہے
اور یہاں زندگی بہتر بنانے کے لیئے
اُنٹوریو آپ کی اس طرح مدد
کررہی ہے:

یہ کوئی آسان کام نہیں ہے کہ کسی اجنبی ملک میں چلے آئیں اور اس انجانے ماحول میں ایک غیر مانوس زبان کے ساتھ نئی زندگی کی تعمیر کی کوشش کریں۔

پھر بھی آپ میں اتنی ہمت تھی کہ ایسا قدم اُٹھایا۔

اُنٹوریو کا ہر چوتھا آدمی دراصل کینیڈا کے باہر سے آیا ہے۔

اور میٹرو پالٹن ٹورانٹو کا ہر تیسرا فرد کسی دوسرے ملک میں پیدا ہوا ہے۔

ایسے افراد کے لیئے --- جیسے کہ آپ ہیں --- حکومت اُنٹوریو بڑی خاص ذمہ داری محسوس کرتی ہے۔

یہی وجہ ہے کہ اُنٹوریو کی حکومت اس نئے ملک میں نئی زندگی کا مقابلہ کرنے میں آپ کی --- جنہوں نے کہ اسے چُنا ہے --- مدد کرنا چاہتی ہے۔ خواہ آپ ابھی تک کینیڈین شہری بنے ہوں یا نہیں، اور یہاں کی کوئی ایک زبان بھی نہ بولتے ہوں، ہم آپ کی مدد کے لیئے تیار ہیں۔

اس لیئے جب آپ کو کوئی مسئلہ پیش آئے اور آپ مدد یا مشورے کی ضرورت محسوس کریں ------ جیسے کہ قانونی مسائل، ملازمتوں پر پیش آنے والے مسائل، آپ کے بچوں کی تعلیم یا آپ کے خاندان کی صحت و تندرستی کا معاملہ ------ غرض کوئی مسئلہ ہو، اسے اپنی اُنٹوریو کی گورنمنٹ کو بتانے میں پس و پیش نہ کیجیئے ------ وہ آپ کے مسائل کو حل کرنے میں مدد کرسکتی ہے اور کرنا چاہتی ہے!

اس پتے پر خط لکھیئے:-

ONTARIO 20
QUEEN'S PARK
TORONTO, ONTARIO
M7A 1T2

Government of Ontario
William G. Davis, Premier

[illegible] میں یوم اقبال

[illegible]

آخر کے چوہدری صاحب نے جلسہ [illegible]

اس جلسہ کی پہلی تقریر [illegible]

چوہدری صاحب نے اقبال کی مشہور نظم "جواب شکوہ" پیرا چند خیالات کا اظہار کیا۔

خالد تارج نے اپنی تقریر میں اقبال کی شاعری کے پیغام کی وضاحت کی۔

افتخار میاں نے نظم "شکوہ" تحت اللفظ میں سنائی۔

مسز افضل کھوکھی نے ترنم کے ساتھ اقبال کا کلام سنایا۔

مجھے آہ و فغان نیم شب کا پھر پیام آیا
اس کے بعد مرزا مجید بیگ کی تقریر تھی - پھر رشید حسن نے اقبال کی غزل
جھپٹ کے شمشیر بہ سنان اول ------

اس کے بعد معین الدین صاحب نے تقریر کی جس کا عنوان تھا "اقبال کا تصور قیادت" تقریر حسب موقع تھی جسے برجستہ اشعار کے ذریعے اور بھی موثر بنا دیا گیا تھا۔

پھر بٹ صاحب کی پرجوش تقریر ہوئی - اس کے بعد یوم اقبال کا پہلا حصہ ختم ہوا اور خالد حسن کونسلر نے شکریہ ادا کیا کہ انہیں اس محفل میں شرکت کا موقع دیا گیا۔

اس جلسے کا دوسرا حصہ "ورائٹی پروگرام" تھا - جس میں شیخ مختار، سلیم صاحب، شمیم صاحب، اسلم خان، رشید حسن، محسن چودھری اور دوسرے ساتھیوں نے حصہ لیا۔

شیخ مختار اور ان کے ساتھیوں نے مختلف سازوں پر پنجابی لوک دھنیں پیش کیں - شمیم صاحب نے گانے سنائے - رشید حسن نے حبیب ولی محمد کی ایک خوبصورت غزل سنائی۔

اسلم خان نے ایک مزاحیہ خاکہ اور سپیرا رقص پیش کیا جس پر خوب داد ملی۔

محسن چودھری نے دو تین رقص پیش کیئے - جن کے لیے موزوں لباس اور آرائش کی ضرورت تھی، معیار کی کمی کے باعث ان پر خاصی تنقید ہوئی۔

[illegible]

[illegible] پاکستانیوں کو کچھ دیر مل بیٹھنے کا موقع دیا

کارنٹی پلان

H. Keith Limited · Realtor

5302 Dundas St. W. Islington, Ontario
Office: 239-3581 Res: 763-4988

SULTAN QURESHI

حسن ابدال میں بیساکھی کا میلہ شروع ہو گیا

ہمارے مقدس مقامات کی بڑی اچھی طرح دیکھ بھال کی جا رہی ہے: یاتریوں کا بیان

مولانا شاہ احمد نورانی لندن جائیں گے

مولانا عبدالماجد دریابادی پر فالج کا حملہ

پاکستان نے مقدمے چلانے کا کوئی وعدہ نہیں کیا

مجھے امید ہے کہ بلوچستان کے بارے میں بلائی گئی کانفرنس کامیاب رہے گی

مایوسی کی کوئی بات نہیں، حالات معمول پر آنے میں دیر نہیں لگے گی

کانفرنس کل یا پرسوں ہوگی، گورنر میر احمد یار خان

ڈھاکہ یونیورسٹی غیر معینہ مدت کے لیے بند

آرٹس بلڈنگ میں دو بم پھینکے گئے

ایک طالب علم نے یوم ماتم منایا

SUBSCRIPTION FOR ONE YEAR $6.00

Send cheques to

The Crescent

P. O. Box 296, Station 'H'
Toronto, Ont. M4C 1L0
Canada

Telephone (416) 690-1590

NAME

ADDRESS

PHONE #

PLEASE VISIT US FOR

Masalas; Rice

HALAL MEAT & Dals

حلال گوشت اور مرغیاں

نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں۔

ٹورانٹو میں حلال گوشت کی پہلی دکان

Afro Asian

918 PAPE AVE, TORONTO.
call at 463-1287.

پندرہ روزہ
صدائے پاکستان
اردو ضمیمہ کریسنٹ

"صحافت ایک بہت بڑی قوت ہے جو فائدہ بھی پہنچا سکتی ہے اور نقصان بھی
اگر یہ ٹھیک نہج پر ہو تو رائے عامہ کی رہنمائی بھی کر سکتی ہے"

[illegible]

اب کشمیر کا تصفیہ بھی کیجئے!

گزشتہ مہینے نئی دہلی میں پاکستان بھارت اور بنگلہ دیش کے مابین جس سہ فریقی معاہدے پر دستخط ہوئے تھے اس کی تفاصیل منظر عام پر آ گئی ہیں اس معاہدے کی مختلف شقوں کے مطالعہ سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ وزیراعظم بھٹو نے دسمبر ۱۹۷۱ء میں زمام اقتدار سنبھالنے کے بعد شیخ مجیب الرحمان کو غیر مشروط طور پر رہا کر کے برصغیر میں حالات معمول پر لانے کی غرض سے امن کی تلاش میں جو سفر شروع کیا تھا اس کی ایک اور منزل طے ہو گئی ہے۔ پاکستان کے تمام جنگی قیدی (ان ۱۹۵ جنگی قیدیوں سمیت جن پر مجیب حکومت مقدمہ چلانے کا ارادہ رکھتی تھی لیکن جن کی فہرست ملک کر دن کی روشنی دیکھنا نصیب نہیں ہوئی تھی اور جنہیں بھارتی حکمران "یرغمال" کے طور پر استعمال کرتے رہے ہیں) اس سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ مسٹر ذوالفقار علی بھٹو نے پیرس میں اخباری نمائندوں کے سوالات کا جواب دیتے ہوئے جو دو ٹوک موقف اختیار کیا تھا اور یہ واضح اعلان کیا تھا کہ اب ۱۹۵ جنگی قیدیوں کے مسئلہ پر مزید سودے بازی نہیں ہو سکتی اور بنگلہ دیش کی اقوام متحدہ میں شمولیت کے ضمن میں "ویٹو پاور" چین کی مخالفت کا جو انتباہ کیا تھا وہ کارگر ثابت ہوا ہے اور بھارت و بنگلہ دیش کے حکمران پاکستان کے جائز، معقول اور مبنی بر انصاف موقف کو تسلیم کرنے پر مجبور ہو گئے ہیں۔

بعض حلقوں کے نزدیک یہ معاہدہ اس اعتبار سے پاکستان کی کامیابی ہے کہ اس سے پاکستان کو زیادہ فائدہ پہنچا ہے۔ پاکستان نے اپنے ۱۹۵ جنگی قیدیوں کو رہا کرا لیا ہے اور غیر بنگالی مسلمانوں (بہاریوں) کی پاکستان میں منتقلی کے بارے میں محض وعدے کیے گئے ہیں بعض حلقوں کے نزدیک اس معاہدے کی دفعہ ۱۳ میں ۱۹۵ جنگی قیدیوں کے مبینہ جرائم پر حکومت پاکستان کا اظہار تاسف اور مذمت اور دفعہ ۱۴ میں وزیراعظم پاکستان کے ایک سابقہ بیان (جس میں انہوں نے بنگلہ دیش کے عوام سے اپیل کی تھی کہ وہ ماضی کی غلطیوں کو معاف کر دیں اور بھول جائیں) کے حوالہ کو محل نظر گردانا جائے گا۔ اور پاکستان کی توہین یا پاکستانی قوم کے سوال نامہ پر محمول کیا جائے گا۔ مگر اس معاہدے میں بنگلہ دیش کی طرف سے یہ تصریح بھی کر دی جاتی کہ سابق مشرقی پاکستان میں فوجی کارروائی سے پہلے عوامی لیگ والوں نے غیر بنگالیوں کے قتل عام اور ان کی توہین و تذلیل کے ضمن میں جو زیادتیاں اور غلطیاں کی تھیں ان پر بنگلہ دیشی حکام شرمسار ہیں تو اچھا ہوتا اور کسی کو اس معاہدہ پر اعتراض کا موقع نہ ملتا۔

بہرکیف امن کی تلاش میں ہم نے جو سفر شروع کیا تھا اس کی ایک اور منزل سامنے آ گئی ہے۔ اور ہماری دعا ہے کہ بیانات، شہرہ معاہدہ تاشقند معاہدہ، شملہ معاہدہ۔ ایوب، شاستری مجھوتہ، بھٹو اندرا شملہ معاہدہ۔ اقوام متحدہ کے منشور اور سلامتی کونسل کی قراردادوں کی جس طرح ماضی میں دھجیاں فضا میں بکھرتی رہی ہیں اس سے ہمارے نئے سفر کی جو منزلیں سمجھ رہے تھے اور برصغیر میں ماضی میں منزلیں ہیں امن و آشتی کی کارفرمائیاں ہوں۔ بعض حلقے اگرچہ اس سفر پر کچھ یوں تبصرہ کرتے ہیں کہ ہم بھارت کی بالادستی قبول کرتے چلے جا رہے ہیں اور وہ دن دور نہیں جب ایک بار پھر ہمیں بھارت کے ساتھ کنفیڈریشن یا مشترکہ دفاع میں شامل ہونے کی تجویز پیش کی جائے گی۔ اور بعض لوگوں کے خیال میں تو مری اور شملہ مذاکرات کے نتیجہ پر خفیہ مفاہمت کے ذریعے اس کی بنیاد بھی رکھ دی گئی ہے لیکن ہمیں کسی بدگمانی کا شکار نہیں ہونا چاہئیے البتہ یہ ضرور کہیں گے کہ ہم ۱۹۴۷ء سے آغاز کر رہے ہیں اور ہمیں توقع ہے کہ ہمارے بنگالی بھائی بھی۔۔۔ موجودہ حکمرانوں کی حد تک ہی۔۔۔ برصغیر کے حالات معمول پر لانے کی کاوشوں میں ان مشکلات و مسائل کو نظرانداز نہیں کریں گے جن سے متحدہ پاکستان بھارتی حکمرانوں کے ساتھ معاملات طے کرنے میں دوچار ہوتا رہا ہے برصغیر میں حالات معمول پر لانے کے ضمن میں مذکورہ تاریخی معاہدے کو تاریخی اور عہد ساز قرار دیا گیا ہے۔ یہ معاہدہ تاریخی اور عہد ساز اس صورت میں ثابت ہو سکتا ہے اگر برصغیر کے باقی جھگڑے ختم کرنے کی بھی سعی کی جائے (دسمبر ۱۹۷۱ء کی جنگ سے پیدا ہونے والے مسائل تو قریب قریب ختم ہو چکے ہیں۔ حالات کی رو سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ پاکستان اور بھارت اور بنگلہ دیش کے مابین معمول تعلقات، تجارت وغیرہ بھی بحال ہو جائے گی۔ مواصلات آمد و رفت کا بھی از سر نو آغاز ہو جائے گا لیکن پرانے جھگڑوں کا دور دور تک کہیں ذکر سننے میں نہیں آیا۔ ان تنازعات میں سر فہرست کشمیر کا مسئلہ ہے جسے بھارتی حکمران بھی اعلان تاشقند میں تسلیم شدہ تنازعہ کی اصل وجہ کی حیثیت سے تسلیم کر چکے ہیں یہی وہ تنازعہ ہے جس نے برصغیر کے امن کو گزشتہ ۲۶ برس سے مسموم کر رکھا ہے۔ پاکستان صرف یہ چاہتا ہے کہ ریاست جموں و کشمیر کے عوام کو تقسیم برصغیر کے ضمن میں اقوام متحدہ کے منظور سلامتی کونسل کی قراردادوں اور خود بھارتی حکمرانوں کے بین الاقوامی مواعید کے مطابق آزادانہ رائے شماری کے ذریعے اپنے مستقبل کا آپ فیصلہ کرنے کا حق دیا جائے اس رائے شماری میں اگر وہ اپنا مستقبل بھارت کے ساتھ وابستہ رکھنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو پاکستان کو اس پر کوئی اعتراض نہیں ہو گا۔ لیکن اگر وہ پاکستان کے ساتھ الحاق کا فیصلہ کریں تو پھر بھارتی حکمرانوں کو اسے بلا تامل قبول کر لینا چاہیے۔ مگر بھارتی حکمران چونکہ یہ جانتے ہیں کہ کشمیری مسلمانوں کے پاکستانی مسلمانوں کے ساتھ صدیوں پرانے مذہبی، تہذیبی، ثقافتی، تجارتی، جغرافیائی اور تاریخی رشتے ہیں وہ پاکستان سے ہی الحاق کریں گے۔ اس لیے وہ ریاست جموں و کشمیر کے ایک وسیع حصہ پر فیلوں اور سنگینوں کے بل پر قبضہ جمائے بیٹھے ہیں اور حق و انصاف کے تمام اصولوں کو پامال کر رہے ہیں۔ ہم اگر برصغیر میں امن کی تلاش میں اپنے نئے سفر کے دوران بھارتی حکمرانوں کو حق و انصاف کی پاسداری کرنے کا قائل کر سکیں تو برصغیر میں واقعی ایک خوشگوار اور پر امن فضا قائم ہو سکتی ہے جس میں اس خطہ ارضی کے ستر کروڑ عوام صحیح معنوں میں آزادی کی نعمتوں سے متمتع اور آسودگی و خوشحالی سے ہمکنار ہو سکتے ہیں۔





نشاطِ رہگذر حضورؐ!
بقائے بحر و بر حضورؐ!
نجاتِ ہر بشر حضورؐ!
سلام آپ پر حضورؐ!
سلام آپ پر حضورؐ!

نمودِ لامکاں تمہی!
شہودِ ہر گماں تمہی!
سجودِ عاشقاں تمہی!
سلام آپ پر حضورؐ!
سلام آپ پر حضورؐ!

خدا کے دلبر حسیں
تمہی امیں تمہی امیں
جھکی ہے آستاں پر جبیں
سلام آپ پر حضورؐ!
سلام آپ پر حضورؐ!

—— (عظیم قریشی)

ذرہ بصیرت

مولانا عبد الرشید

حجۃ الوداع

فریضۂ رسالت کے سلسلہ میں اجمالی حالات بیان ہو چکے۔ آنحضرت کی عزم محکم اور سعی پیہم سے کامیابی کی منزل قریب آ گئی۔ اور کامیابی بھی ایسی جس کی مثال دنیا پیش کرنے سے قاصر ہے پورا عرب مسلمان ہو گیا۔ جو لوگ آپ کے جان لیوا تھے وہ جانثار بن گئے۔ ابتداء میں جو اسلام کے دشمن تھے وہ اب فدائی بن چکے تھے۔ ۱۰ھ میں حجۃ الوداع کے موقع پر آنجناب نے ایک لاکھ چوبیس ہزار یا چوالیس ہزار قدسی صفت صحابہؓ کے سامنے وہ یادگار خطبہ ارشاد فرمایا۔ جسے انسانی حقوق کا بنیادی چارٹر کہیں تو بجا ہے۔ آپ میدان عرفات کے وسط میں اپنی اونٹنی پر سوار تھے۔ ایک فقرہ فرما کر توقف کرتے۔ ربیعہ بن امیہ بن خلف اسے باآواز بلند دہراتے۔ اس طرح سارے مجمع نے آپ کے ارشادات عالیہ کو بخوبی سن لیا۔

حمد و ثناء کے بعد آپ کا پہلا فقرہ یہ تھا

"لوگو! میری بات اچھی طرح سن لو کیونکہ شاید اس سال کے بعد میں اس جگہ تم سے کبھی نہ مل سکوں۔" اور اختتام خطبہ ذیل الفاظ پر ہوا۔

"اے لوگو! میری باتیں ہوش سے سنو اور انہیں سمجھو۔ میں نے اللہ تعالیٰ کا پیغام تم تک پہنچا دیا ہے۔ میں تم میں دو ایسی چیزیں چھوڑے جا رہا ہوں کہ اگر تم انہیں مضبوطی سے پکڑ لو گے تو کبھی گمراہ نہ ہو گے اور وہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی کتاب اور اس کے رسولؐ کی سنت۔ لوگو! میری باتیں غور سے سنو۔ دیکھو ہر مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے۔ اور سب مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں۔ پس کسی شخص کے لئے یہ جائز نہیں کہ وہ اپنے بھائی کی دلی رضامندی کے بغیر اس کی کوئی چیز لے۔ پس تم ایک دوسرے پر ظلم کرنے سے باز رہنا۔"

اس کے بعد لوگوں سے مخاطب ہو کر فرمایا "کیا میں نے تم تک اللہ تعالیٰ کا پیغام پہنچا دیا ہے؟"

ہر طرف سے آواز آئی "یقیناً"

اس کے بعد آپ نے انگشت شہادت آسمان کی طرف اٹھائی اور فرمایا۔

"اے اللہ! دیکھ لے کہ رسالت کا وہ کام جو آپ نے میرے ذمہ لگایا تھا اسے میں نے پورا کر دیا ہے"

ناداں اب بھی نہیں جس کے سوز سے عالم میں جاتا ہوں وہ آتش تر سے وجود پہ چھا [illegible] کہ فلک بھی مجبور ہے مقصد میں ڈھلتی ہے جہاں پر جینے کا دستور ہے! تنہا ہے ہم کہ غلامی سے انسانوں کی نجات خودی کی پرورش و تربیت ضروری ہے!

(ضرب کلیم)

آغاز دوستی

کب لازمی ہے یہ کہ کوئی بیر ہی کرے
آتش زنی ستم و دیر ہی کرے
اب دشمنی تو ختم ہوئی زخم بھر چکے؟
آغاز دوستی ہے خدا خیر ہی کرے

—— رضا آبادی

اپنے دوست احباب کو
پندرہ روزہ
"کریسنٹ"
سے متعارف کرائیے

شمالی امریکہ میں اُردو کا سب سے پہلا اخبار

الا ان اولیآء اللہ لا خوف علیھم ولا ھم یحزنون

پندرہ روزہ
صدائے پاکستان
ٹورنٹو کینیڈا



جنگی قیدیوں کی رہائی

آخری قافلے کی آمد

واہگہ پوسٹ۔ ۳۰ اپریل ــ ۱۶ دسمبر ۱۹۷۱ء کو بھارت نے بچانوے ہزار فوجی جوانوں، سویلین مرد و خواتین اور بچوں بوڑھوں کو بطور جنگی قیدی حراست میں لے لیا تھا۔ پچھلے دو سال اور چار مہینے ان پاکستانی جیالوں پر بہت کٹھن گزرے۔ ان پر طرح طرح کے مظالم ہوئے، بہتوں کو شہید کیا گیا، انہیں عبرتناک رکھا گیا اور بطور سیاسی مہرے کے استعمال کیا گیا۔

مگر آج ۲۳۸ جنگی قیدیوں کا آخری گروہ واپس وطن پاکستان میں داخل ہوا۔ ان جنگی قیدیوں میں تین میجر جنرل اور آٹھ بریگیڈیر تھے۔ انہیں جنگی قیدیوں میں وہ (۱۹۵) فوجی جوان بھی تھے جن پر بنگلہ دیش کی حکومت مقدمہ چلانا چاہتی تھی۔

پاکستان کی سرحد میں داخل ہونے والے سب سے آخری سپاہی لیفٹننٹ جنرل امیر عبداللہ خان نیازی تھے۔ یہ ان کی خواہش تھی کہ بھارت سے واپس ہونے والے آخری قیدی وہی ہوں گے۔

موجودہ صورتِ حال کے پیشِ نظر پاکستان بنگلہ دیش اور بھارت کے درمیان مستقبل قریب میں سفارتی تعلقات کی بحالی کے امکانات ہیں۔

—

بازار میں کلمہ طیبہ کے لیبل والی ماچس فروخت کی جارہی ہے

حکومت ٔ طیبہ کی بے حرمتی نہ کیجئے

اس ماچس کے خریدنے [illegible]

[illegible]

[illegible]

۱۹۷۱ء کی جنگ سے قبل نظربند کیے گئے افراد کی رہائی کے سمجھوتے پر دستخط ہوگئے

وزیرِ اعظم بھٹو فرانس سے اسلام آباد پہنچ کر اخباری نمائندوں سے باتیں کر رہے ہیں۔

[illegible]

پاکستان اور بھارت کے درمیان بہت جلد بات چیت ہوگی
دونوں ملک معاہدۂ شملہ کے تحت باہمی اختلافات ختم کریں گے

[illegible] پاکستان اور بھارت کے درمیان دو طرفہ سمجھوتے پر دستخط کئے گئے۔ پاکستان اور بھارت کے درمیان گزشتہ چند مہینوں میں بات چیت ہوتی رہی ہے۔ [illegible] آج ایک مشترکہ اعلان جاری کیا گیا۔ [illegible] پاکستان اور بھارت کے وزرائے خارجہ نے اس بات پر اتفاق رائے کیا [illegible]

عرب ممالک سے صدر عیدی امین کا شکوہ

[illegible]

میں بالکل ٹھیک ہوں: شیخ مجیب

ڈھاکہ۔ [illegible]

برطانیہ میں آباد پاکستانیوں کے لیڈر کا انتقال

لندن۔ [illegible]

ڈرامہ نگار اور شاعر آغا شیخ پیرزادہ کا انتقال

[illegible]

اسلامی نظام کے فوری نفاذ کا مطالبہ

راولپنڈی۔ [illegible]

آر سی ڈی ممالک کو یورپ سے ملانے والی شاہراہ چھ ماہ تک مکمل ہو جائے گی
شاہراہ کی تعمیر سے تعاون کا نیا دور شروع ہو جائے گا: ناصر اثر

[illegible]

کینیڈین محکمۂ ڈاک کی ہڑتال

[illegible]